## 48971 ـ جنازہ میں آواز بلند کرنا

**سوال**

جنازے اٹھاتے اور لے جاتے وقت بعض لوگ آواز بلند کرتے اور لوگوں سے کلمہ شہادت پڑھنے کا کہتے ہیں، یا مطالبہ کرتے ہیں کہ لا الہ الا اللہ، یا اللہ اکبر، کہیں، یا کہتے ہیں: کہ اللہ کی توحید اور اس کی تکبیر بیان کرو، اس کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

یہ منکر اور برا فعل ہے جس کی شریعت مطہرہ میں کوئی دلیل نہیں ملتی، بلکہ جنازہ میں شرکت کے وقت تو مشروع یہ ہے کہ انسان آخرت اور موت کو یاد کرے، اور بغیر آواز بلند کیے میت کے لیے مغرت و رحمت کی دعا کرے.

جلیل القدر تابعی اور صحابہ کرام کے شاگرد قیس بن عباد رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

" رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام تین موقعوں پر آواز بلند کرنا ناپسند کرتے تھے: جنازہ کے وقت، اور ذکر و اذکار کرتے وقت، اور لڑائی اور جنگ کرتے وقت" اھـ .